| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اول | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: _____ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اچّھے اخلاق |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اچّھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اچّھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اچّھے اخلاق وہ اچّھی عادات ہیں جن کو اپنانے کا اللہ تعالیٰ اور ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے حکم دیا ہے۔ طلبہ کو بتائیں۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کا ارشادِ پاک ہے: "تم میں سے مجھے سب سے زیادہ عزیز وہ شخص ہے جس کے اخلاق اچّھے ہیں"۔ (صحیح بخاری، 3759)

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمیں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے فرمان کے مطابق اچھے اخلاق کو اپنانا چاہیے۔

ہمیں چاہیے:

- صبح سویرے جلدی اُٹھیں۔
- بڑوں کا ادب کریں۔
- اپنے گھر کو صاف رکھیں۔
- ہمیشہ سچ بولیں۔
- کسی کا دل نہ دُکھائیں۔
- جب غلطی ہو جائے تو فوراً معافی مانگ لیں۔

- طلبہ کو بتائیں اپنی غلطی کو ماننا ایک اچّھے انسان کی نشانی ہے۔
- طلبہ کو اچّھے بچے کی خوبیوں سے آگاہ کریں کہ اچّھے بچوں کے اخلاق کی وجہ سے سب انھیں پیار کرتے ہیں۔ اچّھے بچے ہمیشہ دوسروں کی چیز ان کی اجازت سے استعمال کرتے ہیں۔
- طلبہ کو ترغیب دیں کہ وہ اچّھے کام کریں اور بُرے کاموں سے پرہیز کریں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں: حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ کو سب سے زیادہ عزیز کون شخص ہے؟

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

آج کے دن کے اپنے اچّھے کاموں کی فہرست بنائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: درج ذیل سوالات کے جوابات میں "جی ہاں" یا "جی نہیں" لکھیں۔

1. کیا آپ اپنے اساتذہ کا ادب کرتے ہیں؟

2. کیا آپ وقت کی پابندی کرتے ہیں؟

3. کیا آپ کسی کی چیز اُس کی اجازت سے لیتے ہیں؟

4. کیا آپ صبح سویرے اُٹھتے ہیں؟

5. کیا آپ گھر میں اپنی امّی کے کاموں میں اُن کا ہاتھ بٹاتے ہیں؟

6. کیا آپ دوسروں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اول | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اچّھے اخلاق |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اچّھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اچّھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پچھلے پڑھائے گئے سبق سے متعلق سوالات پوچھیں:

- سچ بولنے کا کیا فائدہ ہے؟
- ہم بڑوں کی عزّت کیسے کر سکتے ہیں؟
- دوسروں سے کیسے بات کرنی چاہیے؟
- ہم دوسروں کی مدد کیسے کر سکتے ہیں؟

طلبہ سے جوابات لیں اور انھیں بتائیں یہ سب باتیں اچّھے اخلاق میں شامل ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمیں نہ صرف بڑوں کا احترام کرنا چاہیے بلکہ چھوٹوں پر بھی شفقت کرنی چاہیے اور ان کے ساتھ پیار سے پیش آنا چاہیے۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ اپنے سے چھوٹے بہن بھائیوں سے پیار سے پیش آتے ہیں؟
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمیں دوسروں کی مدد کرنی چاہیے کسی کی مدد کرنا اور اس کے کام آنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین عمل ہے۔

- طلبہ کو بتائیں اچھّے اخلاق میں غلطی ہو جانے پر معافی مانگنا بھی شامل ہے۔ اور اگر کوئی دوسرا غلطی کرے تو اس کی غلطی کو معاف کر دینا چاہیے۔
- اسی طرح وقت کی پابندی بھی اچھّے اخلاق میں سے ایک ہے انھیں بتائیں کہ وقت ایک اللہ تعالیٰ کی گراں قدر نعمت ہے۔ ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے اور اس کے ایک لمحے کو بھی ضائع نہیں کرنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں اگر ہم وقت کی پابندی کریں گے تو سب کام وقت پر ہو جائیں گے۔
- طلبہ سے ان کے معمولات پوچھیں اور انھیں وقت کی پابندی کی تلقین کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

بچوں سے پوچھیں وقت کی پابندی کیوں ضروری ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ وقت کی پابندی کا کتنا خیال رکھتے ہیں؟ اساتذہ کرام کی مدد سے چند جملے تحریر کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

سوال: والدین کی مدد سے وقت پر کیے گئے اپنے کوئی سے پانچ کام لکھیں۔

جواب:

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:اول | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:3 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حفظ و ترجمہ | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- روز مرّہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ کلمات طیّبات ان شاءاللہ اور ماشاءاللہ کے فلیش کارڈز طلبہ کو دکھائیں اور انھیں ان کلمات کا مفہوم واضح کریں۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر 12 کھلوائیں۔ کتاب کھولنے میں ان کی راہنمائی کریں۔
- ان شاءاللہ اور ماشاءاللہ تختہ سیاہ پر لکھیں اور بچوں کو بتائیں کہ یہ دعائیہ کلمات ہیں۔
- انھیں بتائیں ان شاءاللہ کہنے کی بہت برکتیں ہیں۔ اس کے معنی ہیں "اگر اللہ نے چاہا"۔
- طلبہ کو ان شاءاللہ کہنے کی مشق کروائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ درج ذیل جملوں میں ان شاءاللہ کہنے کی عادت اپنائیں۔

✓ میں نماز پڑھوں گا۔

✓ میں ہمیشہ صاف ستھرا رہوں گا۔

✓ میں روزانہ سکول جاؤں گا۔

✓ میں قرآن مجید کی روزانہ تلاوت کروں گا۔

✓ طلبہ کو تاکید کریں کہ وہ روز مرّہ استعمال ہونے والے جملوں میں ان شاءاللہ کہنے کی عادت اپنائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراًاعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سوالات کے ذریعے پوچھیں کہ وہ کن موقعوں پر ان شاءاللہ کہتے ہیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ گھر میں والدین یا کسی بڑے کی مدد سے پاکیزہ کلمات زبانی یاد کریں اور روز مرّہ زندگی میں ان کلمات کی مشق کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

صفحہ نمبر 13 میں ان شاءاللہ کے جملوں میں رنگ بھریں۔